# 15-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ بی جے پی مہیلا مورچہ کی جانب سے خواتین کے تحفظات بل کی حمایت میں ایک بڑی اسکوٹی ریالی نکالی گئی۔ ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے وزیراعظم نریندر مودی کی زیرقیادت اِس بل کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کھمم میں پلی گونڈلا ایکوٹورازم پروجیکٹ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے تلنگانہ کی قدرتی خوبصورتی کو عالمی سطح پر پیش کرنے کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

۳۔ وزیراعظم نریندر مودی نے مانڈیا کے قریب آدی چن چانا گری کے مقام پر گرو بھیرو وا کیا مندیرا کا افتتاح کیا اور عوام پر زور دیا کہ نوا اہم ترقیاتی مشنوں کو اپنائیں تاکہ وکست بھارت کو سمجھنے میں مدد مل سکے۔

اور

۴۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے خواتین تحفظات کی پرزور حمایت کی ہے۔ انہوں نے اس معاملہ کو حلقوں کی ازسرنو حدبندی سے جوڑنے کی مخالفت کرتے ہوئے جنوبی ہند میں عوامی نمائندگی کی کسی بھی طرح کی کمی کے خلاف انتباہ دیا۔

AICC

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے اے آئی سی سی انچارج میناکشی نٹراجن کے ساتھ چار گھنٹے طویل ایک میٹنگ منعقد کی جس میں ریاست میں اہم تقررات کو قطعیت دی گئی۔ مختلف اداروں کے صدورنشین کے تعلق سے قطعی فیصلہ طئے پایا ہے جبکہ توقع ہے کہ اس سلسلہ میں سرکاری احکام دو دن میں جاری کئے جائیں گے۔ اِس کے علاوہ لیڈرس نے ٹی پی سی سی کے کارگزار

صدور، سکریٹریوں اور منڈل سطح کی کمیٹیوں کے تقرر کیلئے بھی بات چیت کی۔ میٹنگ کے دوران مرکز کی جانب سے حلقوں کی حد بندی کے مجوزہ منصوبہ کے تحت اپنائی جانے والی حکمتِ عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اِس اعلیٰ سطحی اجلاس میں ریاست میں پارٹی کو بنیادی سطح سے مستحکم بنانے اور تنظیمی فریم ورک پر توجہ دینے کی بات بھی کی گئی۔

RALLY:

حیدرآباد میں بی جے پی مہیلا مورچہ اور یووا مورچہ کی جانب سے خواتین کو 33 فیصد تحفظات کی پالیسی کی حمایت میں ایک بڑی اسکوٹی ریالی نکالی گئی۔ یہ پروگرام نارائن گوڑہ میں واقع کیشو میموریل سے شروع ہوا جہاں بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے ناری شکتی وندن ابھینیم کو وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔ راؤ نے کئی دہائیوں سے اس بل کو تاخیر کا شکار بنانے پر کانگریس پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام عائد کیا کہ وہ حلقوں کی از سر نو حد بندی کے تعلق سے گمراہ کن باتیں پھیلا رہے ہیں۔

NALGONDA:

نلگنڈہ ضلع انتظامیہ نے مردم شماری 2027ء کیلئے ڈیجیٹل خود کار طریقہ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جیسا کہ یہ عمل 26 اپریل سے 10 مئی تک جاری رہے گا۔ اس عصری طریقہ کے تحت جی او ٹیگنگ کو لازمی قرار دیا گیا ہے جس کے ذریعہ شہری، ہاؤس لیسٹنگ بلاک میپنگ کے ذریعہ ڈیجیٹل نقشہ پر اپنے مکانات کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ عہدیداروں نے سرکاری ملازمین اور عوام پر زور دیا ہے کہ اس سلسلہ میں 20 منٹ پر مشتمل آن لائن طریقہ کو مکمل کیا جائے تاکہ ڈاٹا صحیح رہے۔ تکمیل کے بعد عوام کو ایک انفرادی ایس ای آئی ڈی موصول ہوگا جسے فیلڈ سروے کے دوران آنے والے عہدیدار کو پیش کرنا ہوگا۔

RABI:

نلگنڈہ کے ضلع کلکٹر چندر شیکھر نے دیورکنڈہ کے ایم ایل اے بالو نائک کے ہمراہ موضع کونڈا بھیمن پلی میں آج اناج کی خریداری کے مرکز کا افتتاح کیا۔کلکٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ خریداری کے عمل کو عمدگی سے انجام دیا جائے اوراس سلسلہ میں کسی طرح کی تاخیر نہ ہو۔انہوں نے مراکز پر مختلف سہولتوں جیسے پینے کا پانی،شیڈ اور دیگر اشیاء کو رکھنے کی بھی ہدایت دی۔اس کے علاوہ عہدیداروں کو اس سلسلہ میں ملرس کے ساتھ تعاون کرنے کیلئے کہا گیا۔کلکٹر نے کسانوں کو یقین دلایا کہ اناج کی خریدی کے عمل کے دوران کسی بھی طرح کی شکایت کو ٹھوس طریقہ سے حل کیا جائے گا۔

BHATTI:

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کھمم کے حلقہ ستوپلی میں پلی گنڈلا ایکوٹوریزم پروجیکٹ کا افتتاح کیا۔اس پروجیکٹ میں نئے کوٹیج، کشتی رانی اور جنگل سفاری جیسی سہولتیں رکھی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کی قدرتی خوبصورتی کو ابھارنے کیلئے پرعزم ہے۔لہٰذا گرین اورسی ایس آر فنڈس کے ذریعہ مزید ترقی کے مقصد سے چار کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں۔عہدیداروں کو ہدایت دی گئی کہ پلی گنڈلا،کنکا گری اورکلورکوایک بڑے سیاحتی مرکز میں تبدیل کیا جائے تاکہ مقامی سطح پر ملازمت کے مواقع پیدا ہوسکیں اور چھوٹے تاجروں کو فائدہ ہوسکیں۔

KTR:

بی آرایس پارٹی کے کارگزارصدر کے ٹی راماراؤ نے آج پارٹی میں نئے شامل ہونے والے ارکان کے پروگرام میں شرکت کی۔انہوں نے پیرزادی گوڑہ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے نئے ارکان کا پارٹی میں استقبال کیا۔انہوں نے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہونے پر کانگریس حکومت کونشانہ بنایا۔ضلع میڑچل ملکاجگری میں پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے یہ بات

نوٹ کی کہ کانگریس حکمرانی کے 33 مہینوں کے بعد یہ نتیجہ نکلا ہے کہ مختلف فلاحی اسکیمات کو منسوخ کردیا گیا جبکہ بنیادی مسائل میں اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے انتباہ دیا کہ حلقوں کی ازسرنو حد بندی سے جنوبی ریاستوں کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔انہوں نے اعلان کیا کہ کے سی آر اس سلسلہ میں قومی سطح پر کئے جانے والے احتجاج کی قیادت کریں گے۔

AMARAVATI:

آندھراپردیش حکومت نے سرکاری خط و کتابت ، فائلوں اور نوٹ شیڈس میں امراوتی لکھنے کو لازمی قرار دیا ہے تاکہ دارالحکومت کی اہمیت اجاگر ہو سکے۔انگریزی املا کو اجاگر کرتے ہوئے چیف سکریٹری نے تمام محکموں اور اضلاع کے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ امراوتھی کے بجائے امراوتی لکھا اور کہا جائے۔

MANDIRA:

کرناٹک میں وزیراعظم نریندر مودی نے منڈیا کے قریب واقع آدی چون چن گری مٹھ میں گروبھیرو ویکیا کا افتتاح کیا اورعوام پرزور دیا کہ وکست بھارت کو سمجھنے کیلئے 9 ترقیاتی مشینوں کو اپنائے۔مودی نے پانی کی بچت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایک پیڑ ماں کے نام کے تحت شجرکاری مہم شروع کی گئی ہے جبکہ مذہبی اورعوامی مقامات پر صفائی ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ انہوں سوادیشی تحریک ، گھریلو سیاحت اور نامیاتی زراعت کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قومی معیشت اور ماحولیات کو فائدہ ہوگا۔مودی نے صحت پر توجہ دیتے ہوئے یوگا، اسپورٹس اور دالوں کے استعمال کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اس سے پہلے وزیراعظم نے ایک روڈ شو میں حصہ لیا اور کلا بھیروی شوار اٹمپل میں پوجا کی۔

JANGAON:

جنگاؤں کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے دیوروپلا، کوڈا کنڈلا اور مونڈرائی مواضعات میں اندراماں ہاؤزنگ پروجیکٹ کا اچانک معائنہ کیا اور معیار کی برقراری کیلئے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تعمیری کاموں میں تیزی لائی جائے تاکہ غریبوں کو فوری مکان مل سکے۔ اس کے علاوہ کلکٹر نے کوڈاکنڈلا تحصیلدار آفس کا بھی معائنہ کیا اور صفائی کے ٹھوس اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

LETTER:

ہندوستان کی پہلی خاتون صدر جمہوریہ پرتیبھا پاٹل نے وزیراعظم نریندر مودی کو ایک خط لکھتے ہوئے خواتین تحفظات کے تعلق سے اپنی حمایت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اور ریاستی قانون ساز اداروں میں خواتین کی اضافی موجودگی سے پالیسیاں بنانے میں مزید توازن آئے گا۔ پرتیبھا پاٹل نے کہا کہ اس سلسلہ میں قانون سازی سے حکمرانی کی اعلیٰ سطح پر خواتین کی صلاحیتوں کی حقیقی پہچان ہوگی۔

PONNAM:

ٹرافک اور بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ٹرافک قوانی کی پاسداری قانون پر عمل کرنے سے زیادہ زندگی بچانے کیلئے ضروری ہے۔ عادل آباد میں آرائیو آلائیو روڈ سیفٹی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قدرتی وجوہات کے مقابلہ میں سڑک حادثات کی بنا پر زیادہ اموات ہوتی ہیں۔ کلکٹر نے روڈ سیفٹی اور ٹرافک قوانین کے تعلق سے شعور بیداری کیلئے طلبہ کے رول کو کہیں زیادہ اہم قرار دیا۔

RAJANNA SIRCILLA:

راجنا سرسلہ کی کلکٹر گریما اگروال نے انٹرمیڈیٹ امتحانات میں شاندار مظاہرہ کرنے پر کستوربا گاندھی بالیکا ودیالیاؤں کی طالبات کو مبارکباد دی۔ امتیازی کامیابی حاصل کرنے والی طالبات کو ضلع کلکٹریٹ کی جانب سے تہنیت پیش کی گئی۔ کلکٹر نے طالبات کے عزائم کی ستائش کرتے ہوئے مستقبل کیلئے منصوبہ سازی کرنے اور سخت محنت کا سلسلہ جاری رکھنے پر زور دیا۔

NIZAMABAD:

نظام آباد کی کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ پینے کے پانی کے مسائل سے جنگی خطوط پر نمٹا جائے تا کہ ضلع بھر میں یہ مسئلہ نہ رہے۔ بھیم گل میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے بورویل کی فوری مرمت اور اسکولوں ، ہاسٹلوں اور آنگن واڑی سنٹرس کو پانی کی مسلسل سربراہی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے فیلڈ آفیسرس پر زور دیا کہ مقامی نمائندوں کے ساتھ تال میل کے ذریعہ پانی کی سربراہی کو یقینی بنایا جائے۔

Vivek:

محنت اور کانکنی کے ریاستی وزیر وینکٹ سوامی نے اعلان کیا ہے کہ حکومت، ٹام کام کے ذریعہ مقامی نوجوانوں کو جرمنی میں ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کے اقدامات کرے گی۔ منچریال میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے ایک معاہدہ کی تفصیلات بتائیں اور کہا کہ سالانہ 90 ہزار ملازمتیں ملیں گی جس کیلئے مندامری میں ایک خصوصی ٹریننگ سنٹر قائم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ چار ماہی جرمن زبان سیکھنے کا کورس اور اسکل ڈیولپمنٹ پروگراموں بھی منعقد کیا جائے گا۔

Damodar:

ٹمپل ایگزیکٹیو آفیسر دامودھر راؤ نے بتایا ہے کہ بھدراچلم میں واقع سری سیتارام چندرسوامی ٹمپل میں ہنڈی کے ذریعہ 1.56 کروڑ روپے جمع ہوئے ہیں۔اس کے علاوہ بھکتوں نے 71 گرام سونا ،128 کلو چاندی کے علاوہ مختلف بیرونی کرنسی کا بھی نذرانہ پیش کیا۔

KTR - Update

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے عوام پر زور دیا ہے کہ کے سی آر کو بدنام کرنے کے سلسلہ میں ریونت ریڈی سے جواب طلب کریں۔ پیرزادی گوڑہ، ضلع میڑچل میں جہاں کانگریس کے کئی بلدی کونسلرس نے بی آر ایس میں شمولیت اختیار کی، خطاب کرتے ہوئے انہوں نے حکومت کی مالی بدانتظامی اور سیاسی فیصلوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے حلقوں کی از سر نو حد بندی کے دوران جنوبی ریاستوں کے ساتھ ناانصافی پر پارٹی کی جانب سے ملک گیر احتجاج کرنے کا اعلان کیا۔